+۴۵۲صفحات پر مشتمل یہ مزین، منقش اور محقق شرح آپ مکتبہ زمزم نزد مقدس مسجد اردو بازار (021-32729089) سے ۶۵۰ روپے میں طلب کر سکتے ہیں۔

اصلاح المسلمین............ مؤلف: مولانا سید عبداللہ شاہ صاحب

اصلاح المسلمین قادری، نقشبندی سلسلے کے مشہور و معروف شخصیت حضرت مولانا عبدالغفور صاحب مدنی" کے خلیفہ ارشد جناب مولانا سید عبداللہ شاہ کی تصنیف لطیف ہے۔ جو حقوق والدین وزوجین، حجاب فضیلت، کبائر و رزائل، حکومت وامارات، فحاشی وعریانی، رشوت اور مال حرام، حقوق ہمسایہ، بے رحمی و بدخلقی، خودکشی، عمامہ کی فضیلت سے لاپرواہی اور داڑھی کی سنت سے بے اعتنائی جیسے اہم موضوعات کی ترغیب وترہیب پر مبنی مستند کتاب ہے۔ کتاب کا اسلوب سادہ اور دلنشین ہے۔ متعلقہ ابحاث کیساتھ قرآنی آیات اور احادیث مبارکہ بمع ترجمہ وحوالجات اور جدید عنوانات پر مشتمل جدید کمپوزنگ اور اعلیٰ طباعت پر مولانا حافظ لیاقت علی نقشبندی قابل صد تحسین وتبریک ہیں۔ کتاب کیساتھ اہم ترین واقعہ بھی منسوب ہے جسکی وجہ سے اسکی وقعت مزید بڑھ جاتی ہے وہ یہ کہ سترہ اگست ۱۹۸۶ء صدر ضیاء الحق طیارے حادثے میں شہید ہوئے مگر ان کے ساتھ ایک مترجم قرآن، صوفی ازم اور زیر نظر کتاب اصلاح المسلمین محفوظ رہی۔ جو قران وحدیث کی زندہ کرامت ہے۔ کتاب پڑھنے کی بجائے حرز جاں بنانے کے قابل ہے۔ ۳۳۶ صفحات پر مشتمل یہ روحانی تحفہ آپ مکتبہ غفوریہ یا جامعہ اسلامیہ درویشیہ سندھی مسلم سوسائٹی کراچی سے انتہائی مناسب قیمت میں طلب کر سکتے ہیں۔

اختلاف ائمہ اور حدیث نبوی ...... مؤلف: شیخ محمد عوامہ حفظہ اللہ

زیر تبصرہ کتاب معروف و مشہور محدث و محقق شیخ محمد عوامہ حفظہ اللہ کی عربی تصنیف "اثر الحدیث النبوی فی اختلاف الفقہاء" کا اردو ترجمہ ہے۔ اس کتاب میں آپ نے حدیث نبوی اور فقہ کے باہمی ربط سے متعلق انتہائی فاضلانہ ابحاث کی ہیں اور ان حضرات کے خیالات کی مدلل تردید کی ہے جو فقہ کو قرآن وسنت سے ایک الگ چیز سمجھتے ہیں۔ کتاب کا ترجمہ مولانا شبیر احمد صالوجی کے قلم سے ہے اور کافی حد تک سلیس اور مفید مطلب ہے، تاہم بعض مقامات، جو کہ انتہائی کم ہیں، پر گنجلک اور ابہام موجود ہے۔ کتاب میں پروف کی غلطیاں بھی ہیں امید ہے کہ اگلے ایڈیشن میں یہ تمام کوتاہیاں دور کی جائیں گی۔ لیکن اپنے موضوع کے اعتبار سے ایک منفرد کاوش ہے۔ مکتبہ زمزم نزد مقدس مسجد اردو بازار کراچی سے 160 روپے میں دستیاب ہے۔

دیوان امام شافعی ...... مؤلف: مولانا عبداللہ کاپودروی

امام محمد بن ادریس الشافعیؒ (۱۵۰-۲۰۴ھ) ایک عظیم الشان فقیہ اور مجتہد ہونے کے ساتھ ساتھ عربی زبان و